**ڈسٹرکٹ جیل فیصل آباد کے متعلق سوشل میڈیا پر ایک خبر کے ذریعے لگانے گئے الزام کے حوالے سے ترجمان محکمہ جیل خانہ جات پنجاب کا موقف**

ڈسٹرکٹ جیل فیصل آباد کے قیدیوں کو گلی سڑی مردہ مرغیوں کھلانے کے الزام کے حوالے سے گردش کرنے والی خبر بے بنیاد اور حقائق کے برعکس ہے۔

اس خبر کے حوالے سے ہوم سیکریٹری پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کی ہدایت پر ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز میاں سالک جلال نے معاملے کی چھان بین کی ہے مگر اس الزام میں کوئی صداقت نظر نہ آئی ہے۔

قیدیوں کے کھانے کیلئے ڈسٹرکٹ جیل فیصل آباد سمیت پنجاب کی تمام جیلوں میں گوشت کی بجائے زندہ مرغیاں سپلائی کی جاتی ہیں، جنھیں میڈیکل آفیسر کی نگرانی اور اسسٹنٹ سپرٹینڈنٹ جیل کی موجودگی میں ذبح کر کے گوشت تیار کیا جاتا ہے اور اس سارے عمل کی ویڈیو روزانہ کی بنیاد پر انسپکٹوریٹ آف پریزنز بھیجی جاتی ہے۔

اس الزام کے ذریعے جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے ناجائز مطالبات کے حصول اور محکمہ کو بدنام کرنے کیلئے محض پراپیگنڈا کیا گیا ہے، جبکہ اس الزام کا حقیقت سے کوئی تعلق نہ ہے۔